سوال

(215) گھر لوگ تین روز تک آتے رہتے ہیں اور وہ دعا کرتے ہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

گھر میں کوئی مر جائے۔ اس کے گھر لوگ تین روز تک آتے رہتے ہیں اور وہ دعا کرتے ہیں الخ۔ یہ جائز ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

تعزیت میں سنت تو یہ ہے کہ مردے کے پسماندگان کو تسلی دی جائے اسی ضمن مردے کےلیے دعا بھی کر دی جائے تو گناہ نہیں، تعزیت کا اصلی کام پچھلوں کو تسلی دینا ہے۔ جو صورت سوال میں ممکن ہے، سنت نہیں، میرے نزدیک حرام ارگناہ بھی نہیں ہے۔ (فتاویٰ ثنائیہ جلد اول ص ۵۴۵)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 05 ص 369

محدث فتویٰ